## عوام، محمد اکبر اور عبدالعلیم شاہوانی کی صحتیابی کیلئے خصوصی دعا کریں، الطاف حسین

لندن۔۔۔5، جون 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم برطانیہ شعبہ خواتین کی انچارج محترمہ صفیہ اکبر کے شوہر محمد اکبر اور ایم کیوایم بلوچستان کی آرگنائزنگ کمیٹی کے انچارج یوسف شاہوانی کے والد عبدالعلیم شاہوانی کی علالت پر گہری تشویش کا اظہار کیا ہے۔ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے حق پرست ماؤں، بہنوں، بزرگوں اور نوجوانوں سے اپیل کی کہ وہ محمد اکبر اور عبدالعلیم شاہوانی کی جلد و مکمل صحت یابی کیلئے اللہ تعالیٰ کے حضور خصوصی دعا کریں۔

## مہدی حسین کے قاتلوں کو گرفتار کر کے سخت ترین سزا دی جائے، رابطہ کمیٹی
## شہریوں کی جان و مال کے تحفظ میں ناکامی پر صوبہ سرحد میں مجلس عمل کی حکومت کو برطرف کیا جائے

کراچی۔۔۔5، جون 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے صوبہ سرحد میں مسلح دہشت گردوں کے ہاتھوں صوبائی محکمہ اطلاعات کے ڈائریکٹر مہدی حسین کے بہیمانہ قتل کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ امن وامان برقرار رکھنے اور شہریوں کی جان و مال کے تحفظ میں ناکامی پر صوبہ سرحد کی حکومت کو برطرف کیا جائے۔ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے کہا کہ صوبہ سرحد میں بموں اور راکٹوں سے حملے، خودکش دھماکوں اور قتل و غارتگری کے واقعات روزمرہ کا معمول بن چکے ہیں اور آج مسلح دہشت گردوں نے فائرنگ کر کے صوبہ سرحد کے صوبائی محکمہ اطلاعات کے ڈائریکٹر مہدی حسین کو قتل کر دیا۔رابطہ کمیٹی نے کہا کہ نام نہاد مذہبی جماعتیں بالخصوص جماعت اسلامی کے لیڈران کراچی میں کرائے جانے والے ہر واقعہ پر سندھ حکومت کے خلاف واویلا کرنا شروع کر دیتے ہیں لیکن انہیں صوبہ سرحد میں اپنی حکومت کے دور میں بے گناہ شہریوں کا قتل اور دہشت گردی کے واقعات دکھائی نہیں دیتے اور ان کی جانب سے صوبہ سرحد کی حکومت کے خاتمے کے مطالبے نہیں کیا جاتے جس سے ملک بھر کے عوام میں یہ حقیقت واضح ہو چکی ہے کہ جماعت اسلامی منافقت پر یقین رکھتی ہے۔رابطہ کمیٹی نے کہا کہ صوبہ سرحد میں دہشت گردی، قتل و غارتگری، بم دھماکوں اور خودکش حملوں کے مسلسل واقعات اس بات کا کھلا ثبوت ہیں کہ صوبہ سرحد میں متحدہ مجلس عمل کی حکومت صوبے میں امن و امان کے قیام اور شہریوں کی جان و مال کے تحفظ میں بری طرح ناکام ہو چکی ہے۔رابطہ کمیٹی نے مطالبہ کیا کہ صوبہ سرحد میں بے گناہ شہریوں کے قتل، بموں سے حملوں اور خودکش دھماکوں کا فوری نوٹس لیا جائے، شہریوں کی جان و مال کے تحفظ میں ناکامی پر صوبہ سرحد کی حکومت کو برطرف کیا جائے اور مہدی حسین کے قاتلوں کو گرفتار کر کے سخت ترین سزا دی جائے۔رابطہ کمیٹی نے مسلح دہشت گردوں کے ہاتھوں صوبہ سرحد کے صوبائی محکمہ اطلاعات کے ڈائریکٹر مہدی حسین کے بہیمانہ قتل پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا اور مقتول کے سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت کی۔

## ضمنی انتخابات میں حق پرست امیدواروں کی کامیابی منفی پروپیگنڈہ کرنے والوں کی عبرتناک شکست ہے، رابطہ کمیٹی

کراچی۔۔۔5، جون 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے کہا ہے کہ جمشید ٹاؤن میں یوسی ناظمین کے ضمنی انتخابات میں حق پرست امیدواروں کی بھاری اکثریت سے کامیابی حق کی فتح اور حق پرستوں کے خلاف پھیلائے گئے شرانگیز اور منفی پروپیگنڈہ کرنے والوں کی عبرتناک شکست ہے۔ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے جمشید ٹاؤن میں یوسی ناظمین کے ضمنی انتخابات میں حق پرست امیدواروں کی بلا مقابلہ اور بھاری اکثریت سے کامیابی پر نومنتخب امیدواروں اور حق پرست عوام کو دلی مبارکباد دیتے ہوئے کہا کہ ایک منظم سازشی منصوبے کے تحت ایم کیوایم کو بدنام کرنے کیلئے منفی پروپیگنڈہ کیا جا رہا ہے تاکہ ملک بھر کے عوام کو ایم کیوایم سے بدظن کیا جا سکے اور ایم کیوایم کا فکر و فلسفہ ملک بھر کے غریب و متوسط طبقہ کے عوام میں پھیلنے سے روکا جا سکے۔رابطہ کمیٹی نے کہا کہ یوسی ناظمین کے ضمنی انتخابات میں حق پرست امیدواروں کی فتح ایم کیوایم کے خلاف سازشیں کرنے والے عناصر کی عبرتناک شکست ہے اور اس بات کا کھلا ثبوت ہے کہ مکر و فریب کے ذریعے سچائی کی آواز کو دبایا نہیں جا سکتا۔رابطہ کمیٹی نے یوسی 8 کے نومنتخب ناظم عامر ارسلان، یوسی 9 کے نومنتخب ناظم ذوالفقار حسین اور یوسی 10 کے نومنتخب ناظم محمد حسین کو مبارکباد دیتے ہوئے کہا کہ نومنتخب امیدوار اپنی اپنی یونین کونسلوں کے عوام کے مسائل کے حل کیلئے اپنی تمام تر صلاحیتیں بروئے کار لائیں اور عوامی مسائل کے حل کیلئے اپنا بھرپور کردار ادا کریں۔

## سازشوں کے ذریعے ایم کیوایم کو حق پرستی کی جدوجہد سے باز نہیں رکھا جاسکتا، شعبہ خواتین

کراچی۔۔۔5، جون 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کے شعبہ خواتین کی سینٹرل کوآرڈی نیشن کی ارکان نے کہا ہے کہ منفی پروپیگنڈوں اور سازشوں کے ذریعے ایم کیوایم کو غریب ومتوسط طبقہ کے حقوق اور فرسودہ جاگیردارانہ نظام کے خاتمے کی جدوجہد سے باز نہیں رکھا جاسکتا۔ اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ ایک منظم منصوبہ کے تحت ملک بھر میں ایم کیوایم کا امیج خراب کرنے کیلئے 12 مئی کو ایم کیوایم کے خلاف گھناؤنے سازشی منصوبے کو عملی جامہ پہنایا گیا اور اس سازشی منصوبے میں خفیہ ہاتھوں کے ساتھ ساتھ اپوزیشن جماعتوں نے بھی گھناؤنا کردار ادا کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ 12 مئی کو ایم کیوایم کی پرامن ریلی پر اپوزیشن جماعتوں کے مسلح دہشت گردوں نے فائرنگ کرکے ایم کیوایم کے 14 کارکنان کو شہید کردیا، سندھ بھر میں ایم کیوایم کے 100 سے زائد دفاتر لوٹ کر نذر آتش کیے گئے، ایم کیوایم صوبہ سرحد اور کوئٹہ کے دفاتر کو دہشت گردی کا نشانہ بنایا گیا، ایم کیوایم کے ذمہ داروں اور کارکنوں کے گھروں پر حملے کیے گئے اور ان کے اہل خانہ کو قتل کی دھمکیاں دی گئیں لیکن سازشی منصوبے کے تحت ان حقائق کو ملک بھر کے عوام سے چھپایا گیا اور ایم کیوایم کو بدنام کرنے کیلئے منفی پروپیگنڈہ مہم پر اربوں کھربوں روپے خرچ کئے گئے۔ انہوں نے کہا کہ منفی پروپیگنڈوں اور سازشوں سے ایم کیوایم کو غریب ومتوسط طبقہ کے حقوق اور فرسودہ جاگیردارانہ نظام کے خاتمے کی جدوجہد سے باز نہیں رکھا جاسکتا۔ شعبہ خواتین کی ارکان نے کہا کہ اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم اور عوام کے تعاون سے 12 مئی کو ایم کیوایم کے خلاف دہشت گردی کے حقائق عوام کے سامنے آچکے ہیں اور ایم کیوایم کی جانب سے وڈیو فلم کے ذریعے ٹھوس ثبوت وشواہد پیش کرنے کے بعد ملک بھر کے عوام اس حقیقت سے واقف ہورہے ہیں کہ 12 مئی کو ایم کیوایم کے خلاف سازشی منصوبے کا مقصد ملک بھر کے عوام کو ایم کیوایم سے بدظن کرنا تھا اور انشاء اللہ ملک بھر کے عوام اپنے مثالی اتحاد کا مظاہرہ کرکے ایم کیوایم کے خلاف ہر سازش کو ناکام بنادیں گے۔

## جمشید ٹاؤن کی یوسی 8 اور 10 کے ضمنی انتخابات میں حق پرست پینل کے امیدواران

## عامر ارسلان اور محمد حسین بھاری اکثریت سے کامیاب، یوسی 9 کے امیدوار ذوالفقار حسین بلامقابلہ کامیاب

کراچی۔۔۔5، جون 2007ء

جمشید ٹاؤن کی یونین کونسل 8 جٹ لائن اور یونین کونسل 10 جمشید کوارٹرز کی نشست پر یوسی ناظمین کے لئے ہونے والے ضمنی انتخابات میں حق پرست پینل کے نامزد امیدوار بھاری اکثریت سے کامیاب ہوگئے جبکہ یوسی 9 کے امیدوار بلامقابلہ منتخب ہوگئے۔ تفصیلات کے مطابق یونین کونسل 8 جٹ لائن کی نشست پر حق پرست پینل کے نامزد امیدوار عامر ارسلان نے 8611 ووٹ حاصل کرکے بھاری اکثریت سے کامیابی حاصل کی جبکہ ان کے مخالف الخدمت گروپ کے امیدوار عبدالباسط صرف 198 ووٹ حاصل کرسکے۔ یوسی 8 کے ضمنی انتخاب میں 8940 ووٹ کاسٹ ہوئے جبکہ 90 ووٹ مسترد ہوئے۔ یونین کونسل 10 جمشید کوارٹرز کی نشست پر ہونے والے ضمنی انتخاب میں حق پرست پینل کے امیدوار محمد حسین نے 7651 ووٹ حاصل کرکے بھاری اکثریت سے کامیابی حاصل کی جبکہ ان کے مخالف الخدمت گروپ کے امیدوار کلیم عثمانی کو صرف 97 اور پیپلز پارٹی کے امیدوار محمد عمران کو صرف 127 ووٹ ملے۔ یوسی 10 کے ضمنی انتخاب میں 8011 ووٹ کاسٹ ہوئے جبکہ 117 ووٹ مسترد ہوئے۔ اسی طرح یونین کونسل 9 جمشید ٹاؤن کی نشست پر یوسی ناظم کیلئے ہونے والے ضمنی انتخاب میں حق پرست امیدوار ذوالفقار بلامقابلہ منتخب ہوگئے۔

## بجلی کی طویل دورانیے کی لوڈ شیڈنگ پر متعلقہ ادارے سے باز پرس کی جائے، ارکان قومی اسمبلی

کراچی۔۔۔5، جون 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست ارکان قومی اسمبلی نے شدید گرمی اور حبس کے موسم میں کراچی سمیت سندھ بھر میں بجلی کی طویل دورانیے کی لوڈ شیڈنگ کی مذمت کرتے ہوئے وفاقی حکومت سے مطالبہ کیا ہے کہ عوام کو لوڈ شیڈنگ کے عذاب سے نجات دلائی جائے۔ اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ بجلی کی طویل دورانیے کی لوڈ شیڈنگ کے باعث عوام کے معمولات زندگی بری طرح سے متاثر ہورہے ہیں اور شدید گرمی اور حبس کے موسم میں انہیں ذہنی کوفت اور اذیت کا سامنا کرنا پڑرہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ گزشتہ کئی ہفتوں سے شہر کے مختلف علاقوں میں طویل دورانیے کی لوڈ شیڈنگ کے باعث ایک جانب شہری عوام شدید ذہنی اذیت کا شکار ہیں جبکہ دوسری جانب بجلی کے بحران

کے باعث شہر کی کاروباری اور صنعتی سرگرمیاں بری طرح سے متاثر ہورہی ہیں۔انہوں نے کہا کہ یہ امر بھی تشویشناک ہے کہ شدید گرمی اور حبس کے موسم میں عوام کی جانب سے متعلقہ ادارے میں بار بار درخواستیں دینے کے باوجود کوئی توجہ نہیں دی جارہی ہے جس کے باعث شہریوں کی جانب سے ردعمل کا اظہار کرنا فطری ہے اور ایسا محسوس ہوتا ہے کہ شہریوں کو بنیادی سہولیات سے محروم رکھ کر انہیں مشتعل کرنے کی سازش کی جارہی ہے جس کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے۔انہوں نے کہا کہ کے ای ایس سی کی ناقص کارکردگی اور شہریوں کو بنیادی سہولیات کی فراہمی میں مجرمانہ غفلت سے یہ حقیقت واضح ہوچکی ہے کہ متعلقہ ادارہ اپنے فرائض کی ادائیگی میں کوتاہی برت رہا ہے۔حق پرست ارکان قومی اسمبلی نے صدر جنرل پرویز مشرف اور وزیر اعظم شوکت عزیز سے مطالبہ کیا کہ کراچی میں بجلی کی طویل دورانئے کی لوڈ شیڈنگ کا فوری نوٹس لیا جائے اور بجلی کی عدم فراہمی پر کے ای ایس سی کی انتظامیہ سے باز پرس کی جائے۔

## اختر بلگرامی کے فنڈز سے کراچی کنٹونمنٹ کے علاقہ ڈولی کھاتہ میں فراہمی آب کی نئی لائن کی تنصیب شروع

## فراہمی آب کی نئی لائن کا منصوبہ 22،لاکھ روپے کی لاگت سے 2 ماہ میں مکمل کیا جائے گا

کراچی۔۔۔5،جون 2007ء

حق پرست رکن سندھ اسمبلی اختر بلگرامی نے عوامی شکایات پر اپنے ایم پی اے فنڈز سے کراچی کنٹونمنٹ کے علاقہ ڈولی کھاتہ میں فراہمی آب کی نئی لائن کی تنصیب کا کام شروع کردیا گیا ہے جس سے یاسین اسکوائر، روز ینڈ اسکوائر، انور پیلس، آمنہ اسکوائر، میجیسٹک چیمبر، کمپاؤنڈ نمبر 30,40 تا 46 کے مکینوں کو صاف پانی کی فراہمی ممکن ہوجائے گی۔یہ منصوبہ 22 لاکھ روپے کی لاگت سے مکمل ہوگا جو کہ آئندہ 2 ماہ میں پایہ تکمیل کو پہنچ جائے گا۔واضح رہے کہ حق پرست رکن سندھ اسمبلی اختر بلگرامی اپنے ایم پی اے فنڈز سے علاقے میں سیوریج لائینوں کی تنصیب کا کام مکمل کراچکے ہیں۔دریں اثناء ڈولی کھاتہ کے مکینوں نے فراہمی آب کی نئی لائن ڈالے جانے کے کام کے آغاز کا زبردست خیر مقدم کیا ہے اور علاقے میں حق پرست قیادت کی جانب سے عوامی مسائل کے حل کیلئے عملی کوششوں کو سراہا جارہا ہے۔

☆☆☆☆☆